16/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں۔اعجازہ اختر

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا تین روزہ خصوصی اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے اس دوران ناری شکتی وندن ادھنیم میں آئینی ترامیم پر توجہ مرکوز کی جائے گیحکومت اجلاس کے دوران تین ترمیمی بل پیش کرے گی تاکہ ناری شکتی وندن ادھنیم جس سے 2023میںپاس کیا گیاکی عمل آوری کیلئے راستہ ہموار ہو سکے۔

واضح رہے کہ ناری شکتی وندن ادھنیم کی بدولت لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے 33فیصد ریزرویشن ممکن ہو سکے گی ۔

ایل جی رام بن

جموں کشمیر میں ایک سودنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر کے تحت بیداری سرگرمیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ سماج کو منشیات کی بدعت سے مکمل طور چھٹکار ا دلایاجا سکے ۔ اس سلسلے کی ایک کڑی کے تحت ایل جی منوج سنہا نے کل رام بن میں ایک پدیاترا کی قیادت کی جو ڈسٹرکٹ پولیس لائنز سے شروع ہو کر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوئی ۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ سماج کے سبھی طبقوں کو اس بدعت کو جڑسے اکھاڑ پھینکے میں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔ انہوں نے کہاکہ اس ناسور کو بڑھاوا دینے میں ملوث کسی بھی مجرم کو نہیں بخشا جائے گا۔ انہوننے کہا کہ منشیات کے پور ے نیٹ ورک کو عنقریب ختم کرنے کیلئے انتظامیہ پر عزم ہے ۔

یوم تاسیس

لوک بھون جموں میں کل ہماچل پردیش کا یوم تاسیس منایا گیا ۔ اس حوالے سے وہاں" ایک بھارت شریشٹھ بھارت" جذبے کے تحت ایک رنگا رنگ ثقافتی تقریب بھی منعقد ہوئی ۔اس دوران ایل جی منوج سنہا نے ہماچل پردیش کے لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہاکہ ہماچل پردیش ایک مقدس سرزمین ہے وہ عظیم ورثے اور مندروں سے مالا مال ہے اور وہاں بے مثال فولک آرٹس، رقص اور موسیقی کی صدیوں پرانی روایات موجود ہیں۔

اس موقعے پر منوج سنہا نے جے اینڈ کے اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کا سرگرمیوں پر مشتمل کلینڈ ر بھی جاری کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل کشمیر ہاٹ سرینگر میں کشمیری دستکاریوں اور ہینڈلومز کو فروغ دینے کی غرض سے Know Your Artisan پروگرام کا آغاز کیا ۔ اس موقعے کی طر ف سے تیار کئے گئے نئے IICT اورLed Vedio Wallsٹیسٹنگ لیب ،GI پر انہوننے سافٹ ویئر کا افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ نے وہاں لگائی گئی نمائش کا بھی معائینہ کیا ۔

عمر عبداللہ نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے کشمیری دستکاریوں کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی ۔ انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ کشمیر ہاٹ کا دورہ کرکے دستکاروں کی طرف سے تیار کی گئی اشیاءسے محظوظ ہو جائیں۔

دربار مو

جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری ایک حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ دربار مو کے بعد اس سے جڑے تمام دفاتر 4مئی کو سرینگر مینکھلیں گے ۔ حکمنامے کے مطابق ہفتے میں پانچ دن کام کرنے والے دفاتر30اپریل کو ، جبکہ6دن کام کرنے والے دفاتر دو مئی کو جمونمیں بند ہوں گے اور یہ دفاترسرینگرمیں 4مئی کو دوبارہ اپنا کام کاج شروع کریں گے ۔ دربار کی احسن منتقلی کیلئے متعلقہ محکموں کی طرف سے تمام لازمی اقدامات کئے گئے ہیں۔

ریل سروس

ناردرن ریلوے جموں ڈویژن نے وادی کے میوہ

صنعت اور دستکاری شعبے سے جڑے تاجروں کی سہولت کیلئے آدرش نگر نئی دلی سے ؑ بڈگام کے درمیان ریگولر بنیادوں پر جوائنٹ پارسل پروڈکٹ -ریپڈ کار گو سروس ٹرین چلانے کا فیصلہ کیا ہے ۔

جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچت سنگل نے کہا ہے کہ یہ ریل گاڑی فی الحال ٹرائل بنیادوں پر17اپریل سے 31مئی تک چلائی جا رہی ہے۔

یہ ریل گاڑی صبح 5بجے آدرش نگر دلی سے نکلا کر ے گی اور اگلے دن 10بجکر45منٹ پر بڈگام پہنچا کرے گی ۔

حج اطلاع

جموں وکشمیر سے اس سال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی روانگی کا سلسلہ 18 اپریل سے شروع ہو گا۔جمونو کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے کہا ہے کہ 18 اپریل کو تین پروازیں روانہ ہو رہی ہیں اور عازمین کی روانگی کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں جواہر نوودیا ودھیالیوں اور کیندریہ ودھیالیوں سمیت مرکزی سرکار کے تمام تعلیمی اداروں کے لئے زمین کی دستیابی اور بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے مال محکمے کو ہدایت دی کہ وہ سکولی تعلیم محکمے تک اراضی کی منتقلی کے عمل میں تیزی لائیں تاکہ اسے کیندریہ ودھیالیہ سنگٹھن کو Lease ۔ کیا جا سکے

فوج

Dagger Science فاونڈیشن کے اشتراک سے کل Aseem فوج کی طرف سے بارہمولہ میں Park کا افتتاح کیا گیا ۔ اس پارک میں طلباءکی اختراعی صلاحیتوں کو دوام بخشنے کے لئے کئی سہولیات دستیاب ہیں ۔ اس پہل سے علاقے میں ترقیاتی منظر نامے کو فروغ حاصل ہو گا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا.

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ